Rampur State Gazette.

EXTRAORDINARY.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

(مطبوعہ روز سہ شنبہ تاریخ ۲۵ شوال المکرم سنہ ۱۳۵۴ھ مطابق ۲۱ جنوری سنہ ۱۹۳۶ء) جلد

ضمیمہ غیر معمولی گزٹ

روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بسبب ورود اطلاع انتقال پرملال اعلیحضرت ہز امپیریل میجسٹی جارج پنجم ملک معظم شہنشاہ ہند - جو بدولت واقبال اور بناءً بر جذبات عقیدت و وفاداری قدیم نہایت رنج وملال ہوا۔ لہٰذا بسلسلۂ تعزیت حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں:-

(۱) تاریخ امروزہ سے تین روز تک سالانہ نائرہ مدارس وغیرہ بند رہیں۔

(۲) آج تمام دن بازار بند رہے۔

(۳) ایک ایک منٹ بعد گن توپخانہ سے سر کیجائیں۔

(۴) اعلام فلیگ تا صدور حکم ثانی ہاف ماسٹ کئے جائیں۔

(۵) تمام افسران فوجی سول و پولیس تا صدور حکم ثانی ماتم میں رہیں اور ایک ماتمی سیاہ پٹی (مورننگ کریپ) بائیں ہاتھ کے بازو پر باندھیں۔

(۶) آج چار بجے ٹاؤن ہال میں بغرض تعزیت جلسہ منعقد کیا جائے جسمیں تمام افسران و اہلکاران و معززین شہر و نمائندگان رعایا شریک ہوں۔

حکم ہوا کہ

تشہیر سے احکام مصدرہ بالا ضابطہ جاری ہوں۔ آج ہی غیر معمولی گزٹ شائع کیا جائے۔ (باقی اردو) دستخط اعلیحضرت جناب صاحب چیف منسٹر بہادر

(مطبوعہ سٹیٹ پریس رامپور)